Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No. 84

Sig. of Candidate: ______________

Sig. of Invigilator: ______________

اُردو (لازمی) ایس ایس سی-I

(برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

حصہ اوّل (کُل نمبر 15)

وقت: 20 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر ۱: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) جو کچھ قرآن میں ہے وہ حضور ﷺ کے اخلاق تھے۔ یہ کس کا قول ہے؟

الف۔ حضرت خدیجہؓ　ب۔ حضرت عائشہؓ　ج۔ حضرت فاطمہؓ　د۔ حضرت علیؓ

(ii) اسلام سے پہلے عورتیں ہمیشہ رہتی تھیں۔

الف۔ خوش　ب۔ ذلیل　ج۔ اداس　د۔ کم تر

(iii) کشتی ڈوبنے کے کتنے اسباب ہیں؟

الف۔ دو　ب۔ تین　ج۔ چار　د۔ پانچ

(iv) سچائی، نیکی، حُسن کسی کی ________ نہیں۔

الف۔ دولت　ب۔ طاقت　ج۔ میراث　د۔ خوبی

(v) نام دیو کو ________ کے علاج میں مہارت حاصل تھی۔

الف۔ مردوں　ب۔ بڑوں　ج۔ عورتوں　د۔ بچوں

(vi) لیا جائے گا تجھ سے ________ دنیا کی امامت کا۔

الف۔ کام　ب۔ حساب　ج۔ انعام　د۔ ذمہ

(vii) وہ قدیم اور ________ تمام علوم پر دسترس رکھتا ہے۔

الف۔ جدید　ب۔ آسان　ج۔ مشکل　د۔ نئے

(viii) غدر کے وقت ماہِ عالم کی عمر ________ برس تھی۔

الف۔ دس　ب۔ گیارہ　ج۔ بارہ　د۔ تیرہ

(ix) ماہِ عالم کو کس نے گرفتار کیا؟

الف۔ سکھوں نے　ب۔ ہندوؤں نے　ج۔ مسلمانوں نے　د۔ انگریزوں نے

(x) انگریز فتح نہ کر سکے:

الف۔ آگرہ　ب۔ دہلی　ج۔ ڈھاکہ　د۔ بمبئی

(xi) اکثر لوگ غالب کو کس طرح کے خط بھیجتے؟

الف۔ آسان　ب۔ دلچسپ　ج۔ رنگین　د۔ بیرنگ

(xii) سالانہ امتحان میں بڑے بھائی صاحب ہوئے۔

الف۔ پاس　ب۔ فیل　ج۔ خوش　د۔ اداس

(xiii) انگریزی پڑھنا کوئی ________ نہیں۔

الف۔ مذاق　ب۔ سہل　ج۔ ہنسی کھیل　د۔ مشکل

(xiv) بڑے بھائی صاحب بڑے ________ واقع تھے۔

الف۔ محنتی　ب۔ ذہین　ج۔ قابل　د۔ نالائق

(xv) شاعر کے پاس نذر کرنے کے لائق کیا چیز ہے؟

الف۔ جسم و جاں　ب۔ دل　ج۔ روح　د۔ کچھ بھی نہیں

برائے ممتحن: کُل نمبر: 15　حاصل کردہ نمبر: ____

85

اُردو (لازمی) ایس ایس سی-I

(برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

وقت: 2:40 گھنٹے — کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 60

حصہ دوم (کُل نمبر 40)

سوال نمبر ۲: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے پانچ (05) سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: (10)

(i) قبر کے کنارے بیٹھ کر آپ ﷺ نے کیا فرمایا؟
(ii) نوجوانوں نے دریا میں کن لوگوں کو ڈوبتے دیکھا؟
(iii) لوگ خادم خلق کی سلامتی کے لیے کیوں دعا مانگ رہے تھے؟
(iv) دوستوں کو دیکھ کر غالب کی کیا حالت ہوتی تھی؟
(v) ''مرزا غالب کے عادات و خصائل'' کے مصنف کون ہیں؟
(vi) کسی پودے کو کیڑا لگ جاتا تو نام دیو کیا کرتا؟
(vii) ابلیس کو کیا سزا ملی؟

سوال نمبر ۳: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں: (10)

(i) نام دیو مالی　　(ii) سائنس اور مذہب کے فاصلے

سوال نمبر ۴: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے تین سے پانچ جملوں تک محدود جوابات لکھیے: (10)

(i) قبیلہ مخزوم کی عورت کی سفارش کیے جانے پر آپ ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟
(ii) نام دیو مالی کی وفات کا واقعہ لکھیں۔
(iii) بڑے بھائی صاحب ہر سال فیل ہونے کے باوجود چھوٹے بھائی کو لعن طعن کرنے کا کوئی موقع ہاتھ سے نہ جانے دیتے۔ کیوں؟

سوال نمبر ۵: مندرجہ ذیل عبارت پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں: (10)

مرزا کی آمدنی قلیل تھی، سائل ان کے دروازے سے خالی ہاتھ بہت کم جاتا تھا۔ ان کے مکان کے آگے اندھے، لنگڑے، لولے اور اپاہج مرد و عورت پڑے رہتے تھے۔ غدر کے بعد ان کی آمدنی کچھ اوپر ڈیڑھ سو روپے ماہوار ہو گئی تھی۔ وہ غریبوں اور محتاجوں کی مدد اپنی بساط سے زیادہ کرتے تھے۔

سوالات:

(i) مرزا غالب کی آمدنی کتنی تھی۔
(ii) سائلوں کے ساتھ مرزا غالب کا سلوک کیا تھا؟
(iii) مرزا غالب کے مکان کے آگے کون پڑے رہتے تھے؟
(iv) غدر کے بعد مرزا کی آمدنی کتنی ہو گئی؟
(v) مرزا غالب غریبوں اور محتاجوں کی مدد کس طرح کرتے تھے؟

حصہ سوم (کُل نمبر 20)

سوال نمبر ۶: پرنسپل کے نام چھٹی کی درخواست لکھیے۔ (10)

-یا-

چچا کے نام خط لکھیے جس میں ان کے بھیجے ہوئے تحفہ کا شکریہ ادا کریں۔

سوال نمبر ۷: کسی ایک عنوان پر کہانی لکھیے۔ (10)

(i) اتفاق میں برکت ہے۔　　(ii) پیاسا کوا